حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی بھی 9 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ کسی نظریے میں کیا کیا چیز شامل ہوتی ہے؟

سوال ۳۔ بحیثیت گورنر جنرل قائداعظم کا کردار بیان کیجئے۔

سوال ۴۔ تحریک پاکستان میں صوبہ سندھ کے کردار پر روشنی ڈالئے۔

سوال ۵۔ مشرقی پاکستان مغربی پاکستان سے کیوں علیحدہ ہوا؟

سوال ۶۔ پاکستان کے ہمسایہ ممالک کے نام لکھیے۔

سوال ۷۔ پاکستان میں آبپاشی کے اہم ذرائع کیا ہیں؟

سوال ۸۔ قومی لباس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال ۹۔ کوئی زبان ثقافت کا اہم حصہ کیوں ہے؟

سوال ۱۰۔ پاکستان کے مشہور تہواروں کو بیان کیجئے۔

سوال ۱۱۔ فلاح و بہبود کے پروگرام کون کون سے ہیں؟

سوال ۱۲۔ کراچی سے پشاور تک قومی شاہراہ پر کون کون سے مشہور شہر واقع ہیں؟

سوال ۱۳۔ ساری دنیا میں امن کیوں ضروری ہے؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ نظریہ پاکستان کے بارے میں قائداعظم اور علامہ اقبال کے ارشادات تحریر کیجئے۔

سوال ۱۵۔ اسلام میں جمہوریت کے اصول بیان کیجئے۔

سوال ۱۶۔ جنوبی ایشیا کے خطے میں پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت بیان کیجئے۔

سوال ۱۷۔ ملک میں خوشحالی لانے کیلئے پاکستانیوں کو کیا کردار ادا کرنا چاہیے؟

سوال ۱۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو پر نوٹ تحریر کیجئے۔

ای۔تجارت   پاکستان میں اساتذہ کی تربیت   عالمی بھائی چارہ اور امن